پاک روزری خاندانی دُعا

لفظ وزری کا مطلب پھولوں کا تاج، پھولوں کی مالا اور گلابوں کا گلدستہ ہے۔ پاک روزری محبت کا پھول ہے جو مومنین مقدسہ مریم سے عقیدت ومحبت کے اظہار کے لئے ورد کی صورت میں اسے پیش کرتے ہیں۔ پاک روزری کی دعا بہت ہی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اس دعا میں مومنین اپنی نجات کے عظیم بھیدوں پر دھیان وگیان کرتے ہیں۔ کیتھولک کلیسیا میں بہت سی دعائیں اور عقیدتیں ہیں جو روحانی وایمانی نشوونما میں ہماری مدد کرتی ہیں۔ ان میں سے ایک پاک روزری کی دُعا ہے جو اپنی خوبصورتی اور سادگی میں ایمانی اور روحانی گہرائی کی وجہ سے افضل مقام رکھتی ہے۔ پانچ روزری ایک سادہ اور پُر اثر دُعا ہے جسے ہر مومن ادا کرسکتا ہے۔ یہ مقدسہ مریم کی سفارشات کی بدولت خدا باپ سے برکات اور فضائل حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ روزری ہمارے گناہوں کو دھوکر ہر روز ہمارے بدنوں اور روح کو ازسرنو تازگی اور تقویت بخشتی ہے۔ خاندانی یا جماعتی طور پر اسے پڑھنے سے خاندان اور کلیسیا میں اتحاد، صلح، سلامتی، محبت اور خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

روایت ہے کہ مقدس دومنیک جنگل میں چلے گئے جہاں انہوں نے لگا تار دُعا کی۔ اس دوران انہوں نے نہ کچھ کھایا نہ پیا بلکہ روتے اور سخت گریہ زاری کرتے ہوئے دُعا کرتے رہے۔ آخر کار وہ گرِ گئے اور زخمی ہو گئے۔ یہاں مقدسہ مریم تین فرشتوں کے ہمراہ اُن پر ظاہر ہوئی اور کہا پیارے دومنیک ! کیا تم جانتے ہو کہ اقدس ثالوث کیا چاہتا ہے؟ اور کہ کون سا ہتھیار دنیا کی اصلاح کے لئے استعمال کیا جائے؟ مقدس دومنیک نے جواب دیا اے مقدسہ مریم! آپ مجھ سے بہتر جانتی ہیں کیونکہ اپنے بیٹے یسوع مسیح کے بعد ہماری نجات کا بڑا وسیلہ ہمیشہ آپ ہی ہیں۔ مقدسہ مریم نے جواب میں کہا کہ آپ جان لیں کہ اس قسم کی جنگ میں بڑا ہتھیار ہمیشہ پاک روزری کا ورد رہا ہے۔ اس لئے اگر آپ ان سخت دل روحوں کو خدا کے لیے جیتنا چاہتے ہیں تو میری روزی کا پرچار کرو۔ لوگوں کو روزری پڑھنا سِکھاؤ اور روزری پڑھنے کی ترغیب دو۔ پس دومنیک اُٹھا تازہ دم ہوا اور لوگوں کو تبدیل کرنے کے لئے جوش سے بھرا سیدھا کیتھیڈرل کی طرف چلا۔ جب لوگ جمع ہو گئے تو انہوں نے وعظ دینا شروع کر دیا۔ اس کی نصیحت کے آغاز میں ہی ایک طوفان آیا جس سے زمین ہِل گئی۔

سورج تاریک ہو گیا اور سخت گرج اور بجلی کی چمک سے لوگ خوفزدہ ہو گئے۔ اسی اثنا میں مقدسہ مریم ظاہر ہوئی آخر کار مقدس دومنیک کی دُعا سے طوفان تھم گیا اس نے اپنا وعظ جاری رکھا المختصران کی دعاؤں اور پاک روزی کی طاقت سے بہت سے بدعتی تبدیل ہوئے اور بے شمار لوگ خداوند پر ایمان لے آئے۔ پاک روزی یسوع مسیح کی انجیل کا نچوڑ ہے۔ روزری پڑھنے سے ہم یسوع کی زندگی، اذیت، موت اور قیامت پر دھیان گیان کرتے ہیں ۔ یہ ایک مکمل دعا ہے کیونکہ اس میں ہماری نجات کی تاریخ پنہاں ہے۔ ہر روز پاک روزری کی دعا کرنے سے ہم اپنی زندگی اور معاشرے سے بے شمار خطرات اور برائیوں کو ختم کر سکتے ہیں۔ روزری کی بڑائی اور سچائی کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ لوردس اور فاطمہ کے دونوں عظیم ظہورات میں مقدسہ مریم نے پاک روزی پڑھنے کی دعوت دی۔ مقدسہ مریم نے روزری کی طاقت کے بارے میں انکشاف کیا۔ ہمیشہ انتھک انداز سے روزری پڑھو اور جو روحیں روزری کے ذریعے اپنے آپ کو میری سپردگی میں دیں گی وہ نیست نہیں ہوں گی۔ جو روزری کے بھیدوں پر دھیان بیان کرتے ہوئے انہیں پڑھیں گے ان پر نہ آفات آئیں گی نہ وہ بے تیاری موت مریں گے۔ اور اگر وہ گناہگار ہوں گے تو وہ تبدیل ہو جائیں گے۔ یہاں تک کہ وہ ابدی زندگی کے لائق ہوں گے۔ پاک روزری کے ذریعے تم جو کچھ بھی مانگو گے وہ تمہیں مل جائے گا۔ مقدس پادرے پیئو کو بچپن ہی سے مقدسہ مریم سے خاص عقیدت و لگن تھی اور یہ بات انہوں نے اپنے والدین سے سیکھی تھی۔ جب نو وشیٹ میں داخل ہوئے تو ان کے والدین نے انہیں پاک روزری کا خوبصورت تحفہ ہی دیا۔ مقدس پادرے پیئو اس بات کے قائل تھے کہ مقدسہ مریم وہ نادر نمونہ اور مثال ہے جس کی پیروی ہر شخص کو کرنی چاہیے۔ انہیں مقدسہ مریم سے اتنی محبت تھی کہ وہ ایک دن میں تیس سے چالیس مرتبہ روزری پڑھتے تھے۔ دو ہزار سال پہلے جبرائیل فرشتے نے عرش سے فرش پر اُتر کر مقدسہ مریم کو سلام کیا بالکل اسی طرح آج بھی لاکھوں کروڑوں مومنین دن رات فرش سے عرش پر مقدسہ مریم کو عقیدت بھرا سلام بھیجتے ہیں اور اس کے بدن کے پھل کو مبارک کہتے ہوئے اپنے خداوند کے شکر گزار ہوتے ہیں۔

آیئے! ہم سب بھی اس روزری کے بابرکت مہینے میں پاک روزری کی دُعا کو اپنی روزمرہ دعاؤں اور روحانی عقیدتوں کا حصہ بنائیں۔ تاکہ مقدسہ مریم سے برکات و فضائل حاصل کر سکیں۔